نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کماد کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور : 28 مارچ 2024 (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کماد کی فصل کو اپریل کے مہینہ میں پانی 20 تا 30 دن کے وقفہ سے لگائیں۔بہاریہ کماد کی فی ایکڑ اچھی پیداوار کے حصول کیلئے فصل کو نقصان دہ کیڑوں کے حملہ سے محفوظ رکھیں۔ستمبر کاشت کے لیے نائٹروجنی کھاد کی دوسری قسط اپریل میں مٹی چڑھاتے وقت ڈالیں اور بہاریہ کاشت کی صورت میں نائٹروجنی کھاد کی پہلی قسط اپریل میں ڈالیں اور کھاد ڈالنے کے بعد آبپاشی کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سیاہ بگ ماہ اپریل اور مئی میں فصل کی بڑھوتری کے شروع میں حملہ آور ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔اس کے بالغ اور بچے پتوں کا رس چوستے ہیں،متاثرہ فصل کی رنگت زرد ہو جاتی ہے اور پتوں پر گہرے سرخی مائل دھبے بن جاتے ہیں۔سیاہ بگ سے بچاؤ کیلئے فصل کو پانی کی کمی نہ آنے دیں۔اس کے علاوہ گنے کی اونچائی چھ فٹ ہونے سے پہلے دانے دار زہر استعمال کریں۔گنے کی فصل پر سپرے ہرگز نہ کریں،کھوری کو ہرگز نہ جلائیں تا کہ اس میں موجود مفید کیڑے محفوظ رہیں۔نقصان رساں کیڑوں کے کیمیائی تدارک کیلئے محکمہ زراعت (توسیع و پیسٹ وارننگ) کے مقامی فیلڈ عملہ کے مشورہ سے مناسب زہریں سپرے کریں۔

☆☆☆☆